Biology - 10th Class Biology Urdu Medium Chapter 18 Preparation

Q1. سیفلو سپورنز کسے کہتے ہیں.

Ans 1: سیفلو سپورنز بیکٹیریا کی سیل وال کی تیاری میں مداخلت کرتی ہیں اور اس طرح سے بیکٹیری سائڈل ہوتی ہیں. سیفلو سپورنز کو نمونیا، گلے کی سوزش، ٹانسلائٹس،برونکائٹس وغیرہ کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے.

Q2. نارکوٹکس کے دو استعمالات تحریر کریں.

Ans 1: یہ ادویات دائمی بیماریوں مثلاً کینسر کے مریضوں میں درد ختم کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں. آپریشنز کے بعد اٹھنے والے تیز اور شدید درد کو ختم کرنے کے لیے بھی یہ ادویات استعمال ہوتی ہیں.

Q3. اوپیم سے کونسی دوا تیار ہوتی ہے اور کس کام آتی ہے؟

Ans 1: اوپیم سے دوا مارفین اور کوڈین تیا کی جاتی ہے.جو درد ختم کرنےوالی دوا ہے.مارفین براہ راست سنٹرلنروس سسٹم پر اثرآتی ہے.

Q4. میری جوانا پر نوٹ لکھیں.

Ans 1: میری جوانا ایک ہیلوسی نوجن ہے.جسے سگریٹ کی طرح پیا جاتا ہے. اسے میری جوانا کے پودے کینابس سٹیوا اور کینابس انڈیکا کے پھولوں،تنوں،اور پتوں سے حاصل کیا جاتا ہے. میری جوانا کی چھوٹی سی مقدار لینے سے خوشی اور عافیت کا احساس ہوتا ہے جو دو سے تین گھنٹے تک قائم رہتا ہے. اسے زیادہ مقدار میں لینے سے دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے. یہ مردوں میں سپرم بننے کے عمل پر برا اثر ڈالتی ہے اور المیعاد قوت حافظہ کوبھی کمزور کرتی ہے.

Q5. اینٹی سیپٹکس اور اینٹی بائیوٹکس کا استعمال لکھیے.

Ans 1: اینٹی سیپٹکس:اینٹی سیپٹکس وہ ادویات ہیں جو جلد پر انفیکشنز کو کم کرتی ہیں. اینٹی بائیوٹکس: اینٹی بائیوٹکس وہ ادویات ہیں جو مختلف بیکٹریل انفیکشنز کے علاج میں استعمال ہوتی ہیں.

Q6. اینل جیسکس کیا ہیں؟

Ans 1: اینل جیسکس دافع درد ادویات ہیں. یعنی درد کم کرتی ہیں. مثلاً ایسپرین ، پیراسیٹامول وغیرہ.

Q7. دوا سے کیا مراد ہے؟ اسکی دو اقسام کے نام لکھیں.

Ans 1: ایسا مادہ جو جاندار کے جسم میں جزب ہوجانے کے بعد جسم کے نارمل افعال میں تبدیلی پیدا کرے، دوا یعنی ڈرگ کہلاتا ہے. تالیفی ڈرگ اور اسپرین.

Q8. فارماکولوجی کی تعریف کریں اور فارمیسی سےاسکا فرق بتائیں.

Ans 1: فارماکولوجی : ادویات کی ساخت، خصوصیات اور طبعی استعمالات کے مطالعہ کو فارماکولوجی کہتے ہیں.

Ans 2: فارمیسی: فارماکولوجی کی اصطلاح ، فارمیسی کا اہم مطلب نہیں ہے.فارمیسی دواسازی سے متعلق پیشہ کا نام ہے.

Q9. سیڈیٹوز سے کیامراد ہے.

Ans 1: سیڈ یٹوز ادویات سنٹرل نروس سسٹم کے ساتھ تعامل کرتی ہیں اور اس کی سرگرمیوں کو با دیتی ہیں. ان ادویات سے چکر آتے ہیں اور غنودگی ، دماغی افعال کی سستی اور اداسی ہوتی ہے.

Q10. ویکسینز اور ویکسینیشن میں فرق لکھیں.

Ans 1: ویکسینز : ویکسینز سے مراد ایسا میٹریل ہے جس میں کمزور کیے گئے پیتھو جنز موجود ہوتے ہیں اور وہ جسم میں اینٹی باڈیز کی تیاری شروع کرواکے مدافعت پیدا کرنے کے کام آتا ہے.

Ans 2: ویکسینیشن: جسم میں ویکسینز ڈالنے کا طریقہ کار ویکسینیشن کہلاتا ہے.